کتب خانہ طبیب



# مجربات
## حکیم میاں محمد احسن



Scanned by CamScanner

گرتے بالوں کا کامیاب علاج 100%کام کرتا هے
زیتون کا تیل 1پاو دار چینئ 3تولہ خوب پوڈر کر ے کھرل مین پھر تیل مین ڈال دیں بلکی آگ پے رکھ دے جب دار چینی سب جل جاے ٹھنڈا کرین اور 1 تولا سرمہ خالص ڈال دیں اب شہد خالص 7 تولا ڈال دے شیشی میں مھفوظ کر لے دھوپ میں رکھ دیا کریں اور اچھا ہوتا جاےگا
7 دن مین بال گرنا بند گرتے بال دوبارہ واپس بال سیاہ چمکدار
جس کے بال مکمل گر چکے هو وہ سر کو ریزر بلیڈ سے شیو کریں اور تیل کی مالش کریں 7دن مین بال واپس اور تیل لگاتار لگاتا راھے کبھی کبھی دانہ سر میں نکل آتا هے کوی پریشانی کی بات نہئ هے

Scanned by CamScanner

مرض مخصوصہ مرداں

-------------------------------.

ایسے مرد حضرات جو اولاد جیسی نعمت و رحمت سے محروم ہیں انکے لیے خاص ہے .کچھ احباب نے فرمائش بھی کی تھی اور وعدہ بھی کیا تھا کہ نسخہ لکھ دونگا مادہ منویہ کا پتلا ہونا،اس میں جراثیم کا کم ہونا یا مادہ منویہ کی کمی ہونا .ان مسائل کا ازالہ کرنا اس نسخہ کی خاصیت ہے.

جوہر خصیہ بز ،جوہر مغز بز ، ہر ایک 60گرام ،ثعلب پنجہ،ثعلب مصری،سنگھاڑا خشک،لاجونتی ،مغز پنبہ دانہ،موصلی سفید ہر ایک 4 تولہ .صندل سفید،دانہ الائچی خورد،تخم اونٹگن ہر ایک تولہ ،کشتہ مروارید،کشتہ مرجان،کشتہ عقیق،کشتہ بیضہ مرغ ہر ایک چھ ماشہ،کشتہ نقرہ در بھنگ تین ماشہ

جواہر سفوف اچھی طرح خشک کر لیں ،کشتہ جات کے علاوہ باقی چیزیں کھرل کرکے سفوف بنا لیں،پھر ان میں کشتہ جات شامل کرکے خوب کھرل کریں

ایک چمچ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم لیں

چالیس دن ،

مطلوبہ مسائل انشاءاللہ حل ہو جائیں گے

میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

ترپھلہ ،کشنیز،الائچی
خورد،اسطخودوس،اسرول،صندل
سفید،سورنجاں شیریں
ہر ایک ہموزن لے کر سفوف بنا لیں
چھ ماشہ سفوف رات کو ایک گلاس
پانی میں بھگو دیں صبح چھان کر پی
لیں بقدر ضرورت میٹھا ملا سکتے ہیں

Scanned by CamScanner

## مقوی دماغ و مقوی بصر::

-----------------------------------

دونوں نسخے بنا نے میں آسان اور افادیت میں کا مل ہیں.کچھ دن پہلے میں نے ایک پوسٹ سرمہ کی کی تھی وہ بنا نے میں تھوڑا مشکل تھا جسے طبیب کی ہی زیرے نگرانی بنا یا جا سکتا تھا.لیکن یہ نسخے عام آدمی بھی بنا سکتا ہے .آج کل اکثر لوگ کمزوری دماغ کی وجہ سے امراض چشم میں مبتلا ہیں اس لیے سرمہ کے ساتھ مقوی دماغ کا نسخہ بھی لکھا ہے تاکہ مرض جڑ سے ختم ہو.

مقوی دماغ:

مغز بادام،مغز کدو ہر واحد پاؤ ،سونف مصفی،خشخاش ہر واحد آدھا پاؤ ،دانہ الانچی خورد ایک چھٹانک ،کوزہ مصری ڈیڑھ پاؤ سب کا سفوف بنا لیں صرف رات کو کھانے کے بعد دو چمچ ہمراہ دودھ کے لیں جوان آدمی کےلیے ،بچوں کو عمر کے حساب سے کم دیں 40 دن کافی ہے

اس کے ساتھ یہ سرمہ بھی صبح و شام ایک ایک سلائی لگائیں ،چالیس دن نتیجہ کےلیے کافی ہیں

سرمہ مقوی بصر::

سرمہ پانچ تولہ ڈلی کو گرم کر کے آب تریھلہ میں پچاس بجھاؤ دیں .اس میں کشتہ جست دو تولہ،صدف سوختہ اور پھٹکڑی بریاں تولہ تولہ ،مامیراں چینی،قلمی شورہ چھ چھ ماشہ

عرق گلاب سہہ آتشہ 750 ملی لیٹر

عرق گلاب میں سرمہ تیار کر لیں اور استعمال کریں

میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

امراض چشم :
زندگی میں ایک بار بنا لیں امید ہے کہ امراض چشم سے محفوظ رہیں گے ۔
انکھوں کی روشنی بڑھاپے تک کم نہ ہو گی انشاءاللہ نسخہ حاضر ہے۔
لونگ۔فلفل دراز۔فلفل سیاہ۔نیلا تھوتھا ہر ایک تولہ
انبہ ہلدی۔تخم سرس۔پھٹکڑی بریاں۔ قلمی شورہ۔نوشادر۔کف دریا۔مونج کی راکھ۔سرمہ سیاہ ہر ایک دو تولہ
سب کا سفوف مثل غبار ہر لیں ایک ایک سلائی رات کو سوتے وقت ڈال لیں
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner



**Mian Muhammad Ahsan** ...

16 mins •

بال افزاء آئل ::
برہمی بوٹی۔ہلیلہ۔بلیلہ ۔بادیان ۔امربیل ۔منڈی بوٹی۔گل سرخ ۔برگ حنا۔گل موتیا۔رتن جوت ہر ایک 50 گرام
آملہ 100 گرام ۔ناریل تیل 1/2 کلو۔ارنڈ تیل 1 پاوء ۔کنجد تیل 1 کلو ۔پانی 6 کلو
خشک اشیاء 6 کلو پانی میں پوٹلی باندھ کر لٹکا دیں جب پانی 2 کلو رہ جائے تو اتار کر پانی نتار لیں ۔اس میں تمام آئل شامل کر لیں پانی خشک کر لیں بس تیار ہے
بالوں کو گھنااور لمبا کرتا ہے ۔خشکی ختم کرتا ہے اور بال جھڑنےسے روکتا ہے

Scanned by CamScanner

نہیں کوئی چیز نکمی!!!!!
گندم کھار :
گندم کے پودے جڑ سمیت اکھاڑ کر صاف کر لیں .دانے الگ نکال دیں باقی کو جلا کر راکھ بنا لیں .اس راکھ کو 4 گنا پانی میں بھگو دیں رات بھر.صبح چھان لیں پھر رکھ دیں 1 گھنٹہ بعد میل نیچے بیٹھ جائے گی اوپر سے پانی نتھار لیں
اور سٹیل کے برتن میں ڈال کر پانی کو آگ کے زریعے خشک
کر لیں .سفید رنگ کی تہہ جم جائے گی برتن میں .اسے کھرچ لیں اور محفوظ کر لیں یہی گندم کھار ہے
فوائد بے شمار ہیں میں کچھ چیدہ چیدہ لکھ دیتا ہوں
1. 1.1 ماشہ صبح وشام پانی گرم سے پتھری گردہ و مثانہ نکل جاتی ہے
2. 1 ماشہ صبح گائے کی چھاچھ سے اور شام کو پانی سے تلی اور ضعف جگر میں مفید ہے
3. 1.1 ماشہ نیم گرم پانی سے اپھارہ بد ہضمی کے لیے مفید ہے
4. 1.1 ماشہ باسی پانی سے بواسیر میں مفید ہے اور 1 حصہ کھار 4 حصہ مکھن میں ملا کر مسوں پر لگانا مسوں کو ٹھیک کر دیتا ہے
5.ایک حصہ کھار اور 10 حصہ سرمہ سیاہ میں کھرل کر کے بطور سرمہ لگانا بینائی کو تیز .دھند جالا اور سرخی میں مفید ہے
6.4 تولہ عرق گلاب میں 2 رتی کھار ملا کر 1.1 قطرہ آنکھوں میں ٹپکانا درد چشم میں مفید ہے
7.ایک حصہ کھار اور 2 حصہ گڑ ملا کر گولیاں بنا لیں 3 بار بار 1.1 گولی دن میں چوسناکھانسی ختم کرتا ہے
8. 1.1 ماشہ گائے کی لسی کے ساتھ دینے سے سوزاک کے لیے مفید ہے
9. 1 ماشہ گرم پانی سے لیں پسینہ آکر ملیریا بخار اتر جائے گا
صرف علاج کے طور پر چند دن استعمال کریں زیادہ دیر تک
کسی بھی دوائی کا استعمال کرنا صحت کےلیے مناسب نہیں ہوتا
اللہ ہم سب کا حامی و ناصر
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

سفید بال سیاہ کرنا:
بلادر مدبر 1/2 پاوء
روغن زرد 1/2 کلو
شہد خالص 1 پاوء
زردی بیضہ مرغ 10 عدد
سفوف پوست ببول 1/2 پاوء
بیرا کیسس 50 گرام
بیرا بینگ 10 گرام
بلادر مدبر شدہ اور زردی بیضہ کو گھی میں
بریاں کرلیں اور باقی اشیاء ملا کر شہد میں
معجون بنائیں لیں
5 ماشہ صبح وشام کھائیں
40 دن میں ہی رزلٹ ملنا شروع ہو جائے گا
صرف حکماء کاملین کےلیے

Scanned by CamScanner

دوائے پیچش:
سونف۔انار دانہ۔ہرڑ کالی ہموزن کا
سفوف علیحدہ علیحدہ بنا کر مکس
کر لیں ۔4 ماشہ صبح وشام کھائیں
لعاب بہی دانہ سے یا سادہ پانی سے
پرانی پیچش کےلیے آزمودہ ہے

Scanned by CamScanner

ناسور۔بھگندر کا علاج ::
کریر کی کونپل 1 تولہ
مردہ سنگ 2 ماشہ
شیر برگد 10 بوند
پانی ملا کر پیس لیں اور لیپ کریں۔
شیر برگد کی 2 بوند اور اوپر ٹپکا دیں
ناسور بھگندر رفع ہو جائے گا
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

اپنڈیکس::
ہینگ۔2 تولہ
بادیاں ۔سنڈھ۔نمک سیاہ۔نوشادر ۔سوڈا
بائیکارب پودینہ ہر ایک 8 تولہ ۔ست
پودینہ۔ست لیموں ہر ایک 2 ماشہ
سفوف بنا کر 1۔1 ماشہ صبح وشام
کھائیں
ریحی اور بادی امراض ۔درد گردہ ۔
بدہضمی۔گیس ۔قبض میں بھی مفید
ہے

Scanned by CamScanner

اکسیر گنٹھیا:
سنڈھ۔ہینگ ہموزن لے کر
علیحدہ علیحدہ سفوف بنا
کر آب برگ سوہانجنا میں
کھرل کریں ۔8 گھنٹے کھرل
کرنے کے بعد گولیاں بنا لیں
1-1 صبح وشام دودھ گرم
کے ساتھ لیں
مدتوں پرانا مرض بھی کچھ
دن میں ٹھیک ہو جائے گا
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

روغن مقوی الاعصاب:
کئی امراض کے لیے مفید ہے
ریح .فالج.لقوہ .عرق النساء .وجع المفاصل کے لیے 5.8
قطرے دودھ میں ڈال کر لیں 30 دن تک
مردانہ کمزوری کے لیے 10 قطرے رات کو دودھ میں ڈال
کر لیں 20 دن میں رزلٹ ملے گا
درد گنٹھیا.نمونیہ .خارش کے لیے 10 دن لگائیں انشاءاللہ
شفا ہو گی
گنجا پن کے لیے 40 دن لگائیں بال نکل آئیں گے
برص کےلیے 2 ماہ استعمال کریں شفا ہو گی
بطور طلاء عضو پر لگائیں 15 دن میں فربی اور سختی
آئے گی
حکماء اسے اور بھی کئی مقاصد کےلیے اپنے علم کے مطابق
استعمال میں لا سکتے ہیں
تخم اسپند 10 تولہ .کلونجی 10 تولہ .تخم تارا میرا 4 تولہ
بیرا بینگ 2 تولہ
سب اشیاء کوٹ کر باریک کر لیں .زردی بیضہ مرغ میں ملا
کر گولیاں بنا کر بذریعہ پتال جنتر روغن کشیدہ کریں
اور استعمال میں لائیں
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

سفوف احسن :
بھوک خوب لگاتا ہے .غذا کو بخوبی ہضم کرکے جسم میں خون تازہ پیدا کرتا ہے .ضعف بصر . نسیان.مردمی کمزوری دور ہو جاتی ہے .درد شکم. باوء گولہ .بد ہضمی .ضعف جگر و معدہ.ورم طحال .کمی اشتہا اور تمام ریحی و بادی امراض میں اکسیر ہے .

سنبل الطیب.زنجبیل.ملٹھی .انیسون .تخم گزر .
بینگ بریاں
ہر ایک 2 تولہ
اذخر مکی .مرچ سفید.مرچ سیاہ۔ ہر ایک 5 تولہ
افتیمون 4 تولہ.تخم کرفس 8 تولہ
نمک سیاہ .نوشادر .کچلونی ہر ایک 10 تولہ
نمک لاہوری مدبر 15 تولہ
تمام اشیاء کا سفوف علیحدہ علیحدہ بنا کر مکس کر لیں
1 ماشہ صبح وشام کھائیں
اللہ ہم سب کاحامی و ناصر
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

کحل المبارک
حکیم کبیر الدین نے اپنی کتاب القرابادین میں یہ نسخہ حضرت علی کرم اللہ وجہ سے منسوب کیا ہے۔بینائی کو قوت دیتا ہے
ھو الشافی
سرمہ اصفہانی--7 ماشہ
سنگ بصری----3'5ماشے
نمک اندرانی--3'5ماشے
ماميراں چینی----10 رتی
کافور------1رتی
بلیلہ زرد 5 عدد گٹھلی نکال کر پیس لیں اور پھر اسکو ایک بار پانی میں جوش دیں .جب چوتھائی پانی رہ جائے تو چھان کر مذکورہ ادویات ملا کر خوب کھرل کریں .جب پانی خشک ہوکر اور بہ مثل غبار ہو جائیں .سرمہ تیار ہے .پھر کپڑ چھان کریں اور محفوظ کر لیں
امراض چشم میں بے مثال ہے

Scanned by CamScanner

حب فیض:

فلفل گرد۔نوشادر۔قرنفل۔ہینگ۔گل مدار۔ ازراقی مدبر بموزن

تمام ادویہ کا الگ الگ باریک کر کے عرق مکو میں اتنا کھرل کریں کہ موم کی طرح ہو جائے ۔دانہ ماش برابر گولیاں بنا لیں ایک گولی دن میں 3 ٹائم کھانے کے بعد پانی سے لیں

باضمہ کو تیز کرتی ہے ۔غذا کو جزوئےبدن بناتی ہے ۔بھوک خوب لگتی ہے ۔جسم کو مضبوط و طاقتور بناتی ہے۔ ڈکار آنا۔دل ڈھرکنا ۔ڈر خوف سستی و کاہلی اور وہمی تاثرات کو ختم کرتی ہے ۔

میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

اکسیر گردہ::

-----------------

رائی۔قلمی شورہ 2۔2 ماشہ کو آب پیاز 20 گرام میں گرم کر کے پلادیں۔درد گردہ 10 منٹ میں ٹھیک ہو جائے گا

پتھر چٹ بوٹی کا پانی نکال کر آگ پر رکھیں۔ پھٹ جائے گا۔یہ مقطر پانی 5 تولہ میں فلفل سیاہ 10 دانے پیس کر پلادیں۔پتھری نکل جائے گی

اپنے معالج سے مشورہ کیے بغیر استعمال نہ کریں

میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

## قے .. vomiting:

معدہ کی سوزش.انتوں کی سوزش.پیت کی جھلیوں کی سوزش.انتوں میں رکاوٹ.قولنج وغیرہ قے کا باعث بنتی ہیں .ہیضہ کی صورت میں قے کے ساتھ اسہال کی بھی شکایت ہو جاتی ہے .قے انا بذات خود کوئی بیماری نہیں بلکہ یہ کسی دوسری بیماری کی علامت ہے اس علامت کو مد نظر رکھ کر علاج کیا جائے تو مرض جلد ہی ختم ہو جاتا ہے . اج کل اکثر پیدائشی بچوں میں بھی یہ مسئلہ آ رہا ہے کہ دودھ پینے کے فورا یا تھوڑی دیر بعد قے آجاتی ہے ان میں تو زیادہ تر معدہ کے داخلی منہ یا خارجی منہ کی بندش یا سوزش ہوتی ہے اگر مسلسل قے اتی رہے تو ایلو پیتھک اپریشن ہی کرتی ہے .طب نبوی میں کلونجی 1 ماشہ کا باریک سفوف بنا لیں اور شہد چھوٹا 3 تولہ ملا کر بچے کو دن میں کئی بار چٹائیں انشاءاللہ آپریشن کی نوبت نہیں آئے گی۔
سمندری یا ہوائی سفر میں بھی قے کی شکایت ہوجاتی ہے .نفسیاتی عوادض . ہسٹیریا .پریگننسی .نشہ اور ادویہ سے بھی قے آ جاتی ہیں .بنیادی علامات کو دیکھ کر ہی بہتر علاج ممکن ہوتا ہے . لیکن وجہ کوئی بھی ہو قے کے دوران کھانا کم کھائیں اور زود ہضم کھائیں پانی نیم گرم استعمال کریں . عام الٹی اور قے کے لیے
زنجبیل 3 تولہ.فلفل سیاہ 2 تولہ پوست بیخ مدار 2 تولہ الائچی خورد 1 تولہ. ست لیموں 2 ماشہ .ست پودینہ 1 ماشہ. سفوف بنا لیں
کیپسول دن میں 3.4 بار پانی سے 500mg

---

السر کے مریض جنہیں قے کی بھی شکایت ہو
انار دانہ 4 تولہ . آملہ خشک .کشنیز.3. 3 تولہ .صندل سفید 1 تولہ .زیرہ سفید 2 تولہ
سفوف بنا لیں
کیپسول دن میں تین بار 500mg

شربت آلو بخاراسے دیں
اللہ ہم سب کا حامی و ناصر
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

# ٹوٹی ہڈی جوڑنا

............

میں نے سوچا کہ حکماء صاحبان دوسری جسمانی بیماریوں پر کافی تفصیلی بیان کرتے ہیں لیکن جو لوگ بد قسمتی سے یا کسی وجہ سے ہڈیوں کے ٹوٹ جائے یا سوجن میں مبتلا ہو کر چارپائی پر پڑے ہیں ان کے لیے بھی کچھ لکھا جائے۔ صرف چند نسخے ہی لکھتا ہوں بنائیں اورمستفید ہوں۔

اگر ہڈی ٹوٹنے کے بعد کسی ہڈی جوڑ یا سرجن سے چڑھا لی گئی ہے تو اس پر مجیٹھ اور ملٹھی دونوں کو سرکہ میں پیس کر لیپ کرنے سے سوجن اور درد رفع ہو جائے گا۔یہی کام تخم املی اور نمک کا آمیزہ بھی سر انجام دیتا ہے ۔مغز ارنڈ ۔تل سیاہ برابر وزن پیسکر روغن کنجد میں گرم کرکے لیپ کرنےسے درد دود ہوکر شکستہ ہڈی ٹھیک ہو جاتی ہے ۔پھٹکڑی سفید ایک تولہ گھی میں بریاں کریں اور گھی نتارلیں اس میں مناسب مقدار میں میدہ اور مصری ملا کر حلوہ بنا کر چند روز استعمال کریں اور پھٹکڑی جو تہہ میں جمی ہوئی کو ٹوٹی ہڈی پر لیپ کریں انشاءاللہ ہڈی جڑ جائے گی

سلاجیت مصفی دو رتی تا چار رتی روزانہ شیر گاو سے کھانے سے ٹوٹی ہڈی جڑ جاتی ہے

گوند پیپل ۔پوست ارجن۔نشاستہ گندم بموزن کا سفوف دیسی گھی ملا کر چھ ماشہ ہمراہ شیر گاو بھی اکسیر ہے

برگ پیپل 21 عدد کو خوب پیس کر گڑ ملا کر 21 گولیاں بنا لیں یہ تین گولیاں روزانہ نیم گرم دودھ سے کھلائین

دیسی انڈے کی زردی اور گیرو کو گرم کر کے موچ والی جگہ پر لگائیں آرام آ جائے گا

میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

## ( اک پینڈو کا عشق )

پنڈ کی پیپل چھاں تھلے
ہم عشق لڑایا کرتے تھے
وہ پانڈے دھونے آتی تھی
ہم ماجھ نوایا کرتے تھے
وہ ہر اک کام میں آگے تھی
ہم ہر اک کام میں پیچھے تھے
وہ سبق مُکا بھی جاتی تھی
ہم پنسل گھڑیا کرتے تھے
گرمیوں کی شکر دوپہرے
جدوں امب پے چڑھیا کرتے تھے
منہ سُجھ کے پڑولہ ہوتا تھا
جب ڈیموں لڑیا کرتے تھے
جب بھی پنڈ کے کھوہ پے
وہ مجھ سے ملنے آتی تھی
شیدا، گاما، کامی، طیفا
مفت میں سڑیا کرتے تھے

Scanned by CamScanner

معجون شوگر فری::
شوگر کی پہلے بھی پوسٹیں کی ہے وہ اپنی جگہ اچھی اہمیت کی حامل ہیں یہ معجون میں نے دو مریضوں کو تیار کر کے دی تھی جنکی شوگر خالی معدہ 250-300 تک تھی کیونکہ تھوڑی مہنگی ہے اور محنت طلب بھی ۔دونوں ہی صحت یاب ہوے ہیں اڑھائی تین ماہ تک کھانی پڑتی ہے آہستہ آہستہ اپنی شوگر کی ڈوز کو کم کرتے جائیں ڈیڑھ ماہ تک شوگر کی دوائی کھانا بند کر دیں صرف یہ معجون استعمال کریں آپ کا لبلبہ ایکٹو ہوگا یعنی اپنا کام کرے گا
پھر آپکو شوگر کی دوائی کھانے کی ضرورت نہیں پڑے گی
بنائیں اور کھائیں شوگر کے مرض سے نجات پائیں
نسخہ----
جفت بلوط ۔اقاقیا۔ست گلو۔دانہ الائچی خورد و کلاں ۔کہربا شمعی ۔ طباشیر۔کشنیز ۔موصلی سفید۔خولنجاں۔آملہ۔گل سرخ۔زراوند۔زعفران ہر ایک ایک تولہ
مشک خالص۔ورق طلاء۔ورق چاندی ہر ایک 3 ماشہ۔
تل سیاہ و سفید۔خشخاش ۔مغزکدو ۔مغز پیٹھہ ۔مغز ناریل۔مغز چرونچی ۔ فندق ۔مغز بادام ہر ایک دس تولہ ۔عرق کیوڑہ حسب ضرورت
مربہ آملہ دھلا ہوا ایک پاو لے کر عرق سونف 1250 ملی لیٹر میں خوب گھوٹیں اور آگ پر جوش دیں پھر تمام مغزیات باریک شدہ ڈال کر 3 منٹ کے وقفے سے خشک ادویہ کا سفوف بھی ڈال دیں اور پھر مشک و زعفران عرق کیوڑہ میں کھرل کرکے ورق طلا و چاندی بھی اسی عرق میں کھرل کر کے شامل کر دیں۔ مکس خوب کریں
1 تولہ صبح و شام نیم گرم دودھ گائے سے لیں
انشاءاللہ کچھ عرصہ استعمال سے اس مرض سے نجات مل جائے گی
کسی معالج یا طبیب سے بنوا لیں ۔خود بنا کر پیسے ضائع نہ کیجیے گا
اللہ ہم سب کا حامی و ناصر
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

آلہ تناسل سخت اور موٹا کریں
مغز جمالگوٹہ 2 گرام بیر بوٹی 24 عدد موم زرد 3 گرام خراطین 3 گرام تخم ارنڈ 24 عدد عاقرقرحا 3 گرام گندہ بیروزہ روغن سرشف 100 گرام۔ریگ ماہی 3 گرام
ترکیب تیاری ۔
تمام سخت ادویات کو اچھی طرح سے کوٹ کر باریک پیس لیں پھر موم اور گندہ بیروز کو تیل میں پگھلا لیں اور پھر دیگر ادویہ ملا کر اچھی طرح سے کھرل کریں بس آلہ تناسل کا طلاء تیار ہے ۔
ترکیب استعمال ۔
رات کو 1 گرام دوا لگا کر اوپر نیم گرم پان کا پتا لپیٹ دیں صبح اٹھ کر اتار دو اور دھو لو ۔
فائدہ ۔
لاغری کمزوری دور کرتا ہے عضو خاص میں سختی پیدا کرتا ہے جلق کے نقائص کو دور کرتا ہے عضو خاص کو سخت اور موٹا کرتا ہے

Scanned by CamScanner

ثعلب مصری
ثعلب پنجہ
سبز الائچی
ستاور ...ہر واحد 3 تولہ
موصلی سفید
پنبہ دانہ
گوند ببول
تخم اوٹنگن
تخم کونچ
تخم ریحان ..ہر ایک 5 تولہ
اسگند
سنگھاڑا
شقاقل مصری
تالمکھانہ
تودری سرخ
بہمن سرخ
چھلکا اسبغول ...ہر واحد 10 تولہ
سفوف بنا کر 1.1 چمچ صبح و شام نیم
دودھ سے نہار منہ

Scanned by CamScanner

مردانہ کمزوری قبل از ملاپ

----------------------------------------

اجزا

کالے تل ڈیڑھ پاؤ

شنگرف رومی 12 گرام

دیسی گھی ایک پاؤ

ایک کڑاہی میں شنگرف تلوں کے درمیان رکھ کر ایک پاؤ
گھی اوپر ڈال دیں اور نیچے تیز آگ جلائیں تھوڑی دیر بع
میں آگ لگ جائے گی جب کڑاہی میں آگ لگ جائے تو نیچ
جلائیں جب تل جل کر راکھ ہو جائیں اور آگ بجھ جائے
شنگرف کی ڈلیاں نکال لیں اور باریک پیس لیں اتنا کھرل
کہ چمک ختم ہو جائے اس کا مزاج خشک گرم ہے .

ترکیب استعمال .

چار چاول تا ایک رتی ہمراہ دودھ گھی کھانے کے بعد کھا
فوائد . حق زوجیت کا میدان آپ کا ہے لمبے چوڑے نسخہ
سے کئی مرتبہ بہتر ہے.دودھ گھی خوب کھائیں

مردانہ کمزوری بعد از ملاپ

---------------------------- --------

نسخہ

مومیائی 35 گرام گوند کیکر 12 گرام مصری 40 گرام
ترکیب تیاری .ان سب دواؤں کو باریک پیس کر عرق گلاب
گوند کر چنے کے برابر گولیاں بنا لیں‌ترکیب استعمال .ہمبس
کے بعد ایک گولی ایک گلاس پانی میں ایک چمچ شہد ڈا
استعمال کریں .

فوائد .ہمبستری کے بعد ہونے والی کمزوری نقاہت کو دور

Scanned by CamScanner

دارچینی 10 گرام ، مصطگی رومی 9 گرام ، جائفل 6 گرام ، جلوتری 6 گرام ، عاقرقرحا چھ گرام ، تخم دھتورہ 6 گرام ، ثعلب مصری 12 گرام ، شقاقل مصری 12 گرام ، بادام میٹھا 15 عدد ، کچلہ مدبر 3 گرام

ترکیب تیاری .

شنگرف رومی کو کھرل میں ڈال کر عرق پیاز سفید میں تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے جائیں جب عرق پیاز ختم ہو جائے تو پھر عرق لیموں کے ہمراہ کھرل کریں جب تمام عرق جزب ہو جائے تو کھرل سے نکال کر خشک کر لیں اب دیگر تمام چیزوں کو نہایئت باریک پیس کر مکس کر لیں کچلہ مدبر کو الگ بہت باریک پینیس پھر سب جگہ کی چیزوں کو کھرل میں ڈال کر ایک دو گھنٹے خوب زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں اور نخودی گولیاں بنا لیں بس ٹائمنگ کو بڑھانے والی گولیاں تیار ہیں .

Scanned by CamScanner

حب ازراقی خاص:
ازراقی مدبر ۔جلوتری۔دارچینی۔بر واحد 1 تولہ
دانہ الائچی کلاں 2 تولہ
سورنجاں شیریں 3 تولہ
زنجبیل 10 تولہ
زعفران 6 ماشہ
تمام ادویہ کا الگ الگ باریک کر کے مکس کر لیں
شہد کی مدد سے نخودی گولیاں بنا لیں
ایک گولی صبح و شام نیم گرم دودھ سے دیں
اعصابی کمزوری ۔ضعف دماغ ۔ضعف قوت باہ۔
ضعف اعضاء رئیسہ ۔دائمی قبض۔خرابی معدہ و
جگر
فالج اور لقوہ ۔جوڑ درد۔عرق انساء کے لئے
بہترین دوا
اور مجرب نسخہ ہے
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

امساک کا عجیب الاثر نسخہ::
تخم ترب.زعفران .تخم جوزماثل سیاہ
بموزن لیں
اور مثل سرمہ کرکے 2 رتی کی گولیاں
بنا لیں
2-1 گولی رات سوتے وقت دودھ سے
دیں امساک کےلیے
کھانسی .نزلہ و زکام کے لیے نیم گرم
پانی سے
جریان .احتلام.سرعت کے لیے عرق
گاوزبان سے
تجربہ کرلیں جو لکھا ہے وہ مطلوبہ
ہدف حاصل ہوگا
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

ناسور۔بھگندر کا علاج::
کریر کی کونپل 1تولہ
مردہ سنگ 2ماشہ
شیر برگد 10بوند
پانی ملا کر پیس لیں اور لیپ
کریں۔شیر برگد کی 2بوند
اور اوپر ٹپکادیں
ناسور بھگندر رفع ہو جائے گا
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

Mian Muhammad Ahsan • لطف و شکیب جعبہ
February 7 at 8:00pm

# مرض مخصوصہ مرداں !

ایسے مرد حضرات جو اولاد جیسی نعمت ورحمت سے محروم ہیں انکے لیے خاص ہے۔ کچھ احباب نے فرمائش بھی کی تھی اور وعدہ بھی کیا تھا کہ نسخہ لکھ دوں گا۔ مادہ منویہ کا پتلا ہونا اس میں جراثیم کا کم ہونا یا مادہ منویہ کی کمی ہونا۔ ان مسائل کا ازالہ کرنا اس نسخہ کی خاصیت ہے۔

جوہر خصیہ بز، جوہر مغز بز ہر ایک 60 گرام، ثعلب پنجہ، ثعلب مصری، سنگھاڑا خشک، ملا جوتی، مغز پنبہ دانہ، موصلی سفید ہر ایک 4 تولہ۔ صندل سفید، دانہ الائچی خورد، تخم اوٹنگن ہر ایک تولہ، کشتہ مروارید، کشتہ مرجان، کشتہ عقیق، کشتہ بیضہ مرغ ہر ایک چھ ماشہ، کشتہ نقرہ ورق بھنگ تین ماشہ

جواہر سفوف اچھی طرح خشک کرلیں۔ کشتہ جات کے علاوہ باقی چیزیں کھرل کر کے سفوف بنالیں، پھر ان میں کشتہ جات شامل کر کے خوب کھرل کریں

ایک چمچ صبح وشام ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم لیں

چالیس دن،

مطلوبہ مسائل انشاءاللہ حل ہو جائیں گے۔

میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

سرعت انزال اور امساک::

چکنی سپاری 20 تولہ

موصلی سفید۔چھلکا اسبغول 5۔5 تولہ

الائچی خورد۔ستاور۔کیکر پھلی۔ریش برگد۔موصلی

سیاہ۔تج 2۔2 تولہ

مشک کافور 3 ماشہ

5 کلو شیر گاو

1 کلو روغن زرد

1 کلو مصری

معروف طریقے سے کھویا بنا کر لڈوں بنائیں 50۔50 گرام کے

ایک لڈو روزانہ

کرے قوت دوبالا

Scanned by CamScanner

## لاغری عضوء خاص

.................................

کچھ احباب کی بڑی پر زور فرمائش تھی .کئی میسج انبکس میں بھی آئے تھے .دو نسخے لکھ رہا ہوں 20 دن استعمال کر لیں انشاءاللہ مسئلہ حل ہو جائے گا اور بار بار کی محنت سے بھی جان چھوٹ جائے گی.

لونگ.دار چینی ہر ایک 4ماشہ.جلوتری .جائفل ہر ایک 6 ماشہ.بیخ کنیر سفید ایک تولہ .برادہ دندان فیل 2 تولہ

سب کو ہلکا باریک کر کے ململ کے کپڑے میں دو پوٹلیاں باندھیں.بھیڑ کا دودھ تقریبا ڈیڑھ کلو لے کر دیگچی میں ڈال کر چولہے پر رکھ دیں دیگچی کے سرے پر ململ کا کپڑا باندھ کر پوٹلیاں اس میں رکھ دیں .نیچے آگ جلائیں

پوٹلیاں بھاپ سے گرم ہونگی .گرم گرم پوٹلیوں کی ٹکور کریں . ٹھنڈی ہونے پر دوبارہ گرم کر کے سینکیں 15- منٹ تک روزانہ دوبار.رات کو سینکنے کے بعد یہ طلاء استعمال کریں.چربی بطخ 1 تولہ .چربی مچھلی 6 ماشہ.بھڑ زنبور 10 عدد.مکوڑے قبرستان والے 20 عدد.بیر بوٹی 3 ماشہ .خشک جونک 3 ماشہ .بکری کے پتہ کا پانی 6 ماشہ .روغنیات میں یاسمین.بنولہ .زیتون ہر ایک 2 تولہ اب لہسن 6 ماشہ سب اشیاء کا طلاء بنا کر استعمال کریں اوپر برگ ارنڈباندھ دیں.استعمال حشفہ اور سیون چھوڑ کر کریں .یقینا یہ ایک بار کی محنت آپ کی رائیگاں نہیں جائے گی

میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

## رسولی معدہ اور السر Gastric tumors & ulcer

..........................

کچھ دن پہلے تبخیر معدہ اور بواسیر پر پوسٹ کی تھی کچھ نے ادویہ بنائی خاصا مشکور بھی ہوئے آج معدہ میں رسولیوں اور السر پر سادہ سا لکھتے ہیں

معدہ میں جب السر پرانا ہو جائے اور اس کا مناسب علاج نہ کیا جائے تو اکثر معدہ میں رسولیاں یا کینسر بن جاتا ہے .علامات کے طور پر بھوک ختم ہو جاتی ہے جسم سوکھ جاتا ہے وزن میں کمی آتی ہے شدید کمزوری ہو جاتی ہے .علاج نہ ہونے کی وجہ سے رسولیاں ہی سرطان یعنی کینسر کا سبب بنتی ہیں .ویسے اگر شروع السر میں پتا چل جائے تو علاج یقینا ممکن ہے لیکن جب بات رسولی یا سرطان تک پہنچ جائے تو علاج مشکل ہو جاتا ہے البتہ پھر بھی ایک اچھا طبیب کافی حد تک علاج کرنے میں کامیاب ہو جاتا ہے

رسولیوں کے لیے ایک ضماد ہے اس کے استعمال سے بھی کافی حد تک مرض پے قابو پایا جا سکتا ہے

خردل.صدف.گندھک آملہ سار .گوگل.زراوند .تخم اونٹگن.بابچی.کلونجی ہر ایک تولہ زیتون .کتھہ۔ موم ہر ایک 6 تولہ

تمام ادویہ کا سفوف بنا کر موم میں ملا لیں اور ضماد کریں

آپ بہتر ہے سنت نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے مطابق علاج کریں انشاءاللہ کامیابی ہو گی

بہی دانہ لے کر پانی میں بھگو دیں اس کا لعاب شربت نیلو فر میں ملا کر دن میں 4 بار پئیں

مربہ بہی دھو کر استعمال کریں اگر شہد میں بنا لیں تو بہتر ہے اور دھونے کی بھی ضرورت نہیں .دن میں 4 بار آدھا آدھا پیس کھائیں

ٹھنڈا دودھ گائے سبز الائچی ملا استعمال کریں

شہد پانی میں ملا کر پئیں تھوڑا گرم پئیں یہ نہ ٹھنڈ لگوا لیں انشاءاللہ کچھ ہی دنوں میں آپ کا السر ٹھیک ہوجائے گا خدا آپ کا حامی و ناصر

میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

سفید بال سیاہ ہوجائیں گے نسخہ:
آملہ خشک 100گرام، ہلیلہ سیاہ 100گرام، ثنامکی100گرام، فلفل دراز50گرام کوزہ مصری 1 کلو ترکیب تیاری : ثنامکی کے پتے ہونے چاہیئں تنکے شامل نہ ہوں اور ہلیلہ سیاہ کو200گرام دیسی گھی میں ہلکا سا بھون لیں بریاں ہوجائےگا پھر سب ادویہ کا باریک سفوف بنالیں اور کوزہ مصری باریک کرکے اس میں آدھا کلو پانی شامل کرکے ہلکی آنچ پر دس منٹ تک پکائیں اس کا قوام بن جائے گا ٹھنڈا ہونے پر اس میں ادویہ کا سفوف ملا کر اچھی طرح مکس کریں پھر کسی شیشے کے جار میں ڈالکر محفوظ رکھیں مقدارخوراک: آدھا چمچ چائے والا صبح نہار منہ اور شام پانچ بجے خالی پیٹ ایک گلاس نیم گرم دودھ سے کھائیں دوماہ تک؟؟؟ بادی اور ترش تلی فرائی چیزوں سے پرہیز کریں فوائد : قبض ختم ہوجاتی ہے اور معدہ کا فعل بھی دروست ہوجاتا ہے سر کے بال اور ڈاڑھی کے بال سفید ہوچکے ہوں تو کالے سیاہ ہوجاتے ہیں

Scanned by CamScanner

پیٹ کے کیڑے:

کمیلہ دس تولہ، باؤ بڑنگ، برگ نیم ھر واحد پانچ تولہ، مصبر دو تولہ سب ادویات کھرل کر کے سفوف بنا لیں اور 1000 ملی گرام کیپسول بھر لیں ایک کیپسول رات کو نیم گرم پانی سے لیں۔ پہلے گڑ اور بھنے ہوئے چنے کھا کر کیپسول استعمال کریں انشاءاللہ کرم شکم باھر نکل جائے گے

میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

مرض جریان موجودہ زمانہ میں تخمینا ۹۰ فیصد سے بھی زیادہ مرد
کو لاحق ہے اس موذی مرض میں سکول کالج یونیورسٹی کے طلباء
پھنسی ہوتی ہے مرجھائے چہرے دھنسی ہوئی آنکھیں پیلے رنگ سب
وجہ سے ہے سوال یہ پیدا ہوتا ہے فی زمانہ اس مرض کا اسقدر زور
ہمارے بڑوں میں تو یہ مرض نہیں تھا میرے ناقص خیال میں بلغم پ
والی اشیاء کا کثرت سے استعمال اسکی بڑی وجہ ہے اور بھی کئی وج
مثلا شراب نوشی.دہی کا زیادہ استعمال .قبض.بواسیر .آبی جانوروں
کثرت سے استعمال کرنا . کثرت بیٹھک .کثرت نوم وغیرہ .علامات ما
میں دانتوں کا میلا ہونا.زبان گلا اور تالو سفید و میلے ہوجاتے ہیں ہات
جلن جسم چکنا بال خشک شدت پیاس ہوتی ہے
اب آتے ہیں جریان کی اقسام کی طرف .اکثر و بیشتر حکیم معالج ایک
کی دوائی سب اقسام جریان میں استعمال کرواتے ہیں جس کا نتیجہ
بدنام طب ہوتی ہے نہ مزاج کو پڑھا نہ ہی وجوہات دیکھی بس دوائی
دی اگر تکا لگ گیا واہ بھلا نہ لگا جابھلا .خلطوں کے لحاظ سے جریان
اقسام ہیں
بلغمی جریان.صفراوی جریان.اور اور بادی جریان
بلغمی میں مزید دس اقسام ہیں صفراوی میں چھ اور بادی میں چار
یعنی کل ملا کر بیس قسمیں جریان کی ہیں اپ سوچیں کہ بیس امرا
نسخے سے کس حد تک ٹھیک ہو گئیں .
بلغمی جریان کی اقسام میں علامات پیشاب گنے کے رس جیسا آنا.نہا
اور چکنا آنا.شراب کی رنگ و بو والا آنا.پیشاب میں البیومن آنا.منی او
کا مل کر خارج ہونا .لار کی مانند بہتی رہنا.نہایت آہستہ اور تھوڑی م
پیشاب آنا وغیرہ ہیں
صفراوی جریان میں پیشاب کھارے پانی کی مانند رنگ و بو میں آنا.
سیاہ رنگ .زرد رنگ.خونی رنگ .سخت بدبودار آنا وغیرہ ہے اور بادی
میں پیشاب کے ساتھ چربی آنا.مغز" مجا "کی مانند آنا.شہد رنگ کا
ٹھہر ٹھہر کےتار سی بنا کر آنا وغیرہ ہے .بلغمی جریان میں بھوک کم
قے کھانسی دائمی زکام وغیرہ عوادض ہوتے ہیں جبکہ صفراوی میں
نالی یا پیڑو میں سخت درد۔ فوطوں میں مواد بھر جانا پک جانا اور
جلن .کھٹے ڈکار .غشی وغیرہ ہوتی ہے اور بادی میں گھبراہٹ .پیٹ د
چھاتی .نیند نہ آنا.جسم سوکھا .بے چینی وغیرہ جیسے عوارض ہوتے
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

میں جلدی کی بجائے تھوڑا صبر کیا کریں قسط در قسط ہر چیز آتی جاتی ہے

بلغمی جریان صرف جریان اور بلغم کی خرابی سے پیدا ہوتا ہے اور اسکے علاج میں بلغم و جریان کو اعتدال پر لانے والی ادویہ قریب قریب ایک جیسی ہی ہوتی ہیں اس لیے بلغمی جریان کا علاج بھی سہل ہے نسبت صفراوی کے کیونکہ صفراوی میں صفرا کی تیزی دور کرنے کے لیے سرد ادویہ کی ضرورت ہوتی ہے جو کہ جریان بڑھا دیتی ہیں اور جریان کو اعتدال پر لانے کے لیے گرم خشک ادویہ دی جاتی ہیں جو کہ صفرا کو بڑھا دیتی ہیں اس لیے علاج ذرا جھنجھٹ والا ہے معالج سے کروائیں جو کہ ان چیزوں کو سمجھتا ہو

علاج بلغمی جریان :

----------------

دس اقسام کا جریان ہوتا ہے مختصر کر کے لکھتا ہوں

پیشاب صاف شفاف اور بکثرت پیشاب آتا ہو تو ہلدی اور سلاجیت مصفی ہم وزن لے کر چار چار رتی کی گولیاں بنا لیں صبح و شام تازہ پانی سے کھا لیں

اگر گندھک رس جیسا ہو تو سلاجیت اور فلفل دراز کی گولیاں بنا لیں اگر شراب جیسا ہو رسونت 5 تولہ پھٹکڑی بریاں 2 تولہ کی گولیاں بنالیں اگر پیشاب جھاگدار اور چکنا ہو تو کشتہ قلعی ایک رتی شہد ایک تولہ میں ملا کر دو وقت کھا لیں اگر گاڑھا سفید مانند پیپ ہو تو گندھک آملہ سار آملہ کے رس میں سات دن کھرل کر لیں پھر رس گھیکوار

جریان اور اس کا علاج قسط نمبر 3

-------------------------------

پہلی دو اسقاط میں اسباب و عوارض اور اقسام کے ساتھ بلغمی جریان کا علاج بھی لکھا تھا اب صفراوی جریان کا
علاج لکھ کر اس باب کو سمیٹتے ہیں
صفراوی جریان چھ اقسام کا ہوتا ہے

1: اگر مریض کو پیشاب کھارے پانی کی مانند آتا ہو تو ترپھلا دو تولے کا خیساندہ پاو پانی میں مصری ملا کر پلائین

2: اگر نیلے رنگ کا پیشاب آتا ہو تو پوست درخت پیپل کا خیساندہ دیں

3: اگر کو سیاہ رنگ کا پیشاب آتا ہو تو الائچی خورد گوکھرو .تخم خیار .تخم پینٹھہ.گلو سبز ہر ایک چھ ماشہ کو جوکوب کرکے رات کو بھگو دیں اور صبح مل چھان کر پی لیں

4: اگر پیشاب ہلدی کی مانند آتا ہو تو لودھ پٹھانی .مشک بالا. صندل سفید.گل دھاوا ہر ایک چھ ماشہ کو جوکوب کرکے رات کو بھگو دیں اور صبح مل چھان کر مصری ملا کر پی لیں

5: اگر ہلکا سرخی مائل ہو تو سرد چینی .الائچی خورد برابر وزن پیس لیں بموزن مصری ملا کر 4 ماشہ صبح وشام تازہ پانی سے کھائیں

6: اگر مریض کو خون کی مانند ملا ہوا پتلا پیشاب آتا ہو تو لسوزیان دو تولہ آدھا سیر پانی میں بھگو دیں اور مل چھان کر مصری ملا کر دن میں وقفے وقفے سے پینیں

انشا ءاللہ صحت یاب ہو جائیں گئے
اللہ آپ کا حامی و ناصر
میاں محمد احسن ####

Scanned by CamScanner

نسوانی حسن میں اضافہ کیلئے
پاؤ فالسہ' پاؤ کیری کاگودہ' پاؤ املی کا گودہ بیج نکال کر ان سب کو مکسر میں ڈال کر مکس کریں اور دن میں کئی بار پانی ملا کر شربت بنا کر استعمال کریں جو لڑکیاں اپنی خوبصورتی کو بڑھانا چاہتی ہیں یہ صرف ان کیلئے ہے۔

لیکوریا سے نجات
پندرہ دن تک ایک پیالی انگور کے رس میں ایک چمچ شہد ملا کر پی لیں' انشاء اللہ بیماری ختم ہوجائے گی۔

رنگت گوری کرنے کیلئے
سوگرام ملتانی مٹی' پچاس گرام صندل کا پاؤڈر' کینو کے خشک چھلکوں کا سفوف پچاس گرام ان سب کو عرق گلاب میں مکس کرکے پندرہ منٹ کیلئے منہ اور گردن پر لگائیں اور خشک ہونے سے پہلے اتار لیں' ہفتہ میں ایک بار یہ عمل کریں' انشاء اللہ رنگ صاف ہوجائے گا۔
عامر عثمان صاحب

Scanned by CamScanner

طبیب احسن

..................

پتہ کی پتھری ۔

..................

پتہ جگر کے ساتھ منسلک ہوتا ہے اور صفرا کا مخزن ہے ۔غذا جب معدہ
سے نکل کر بارہ انگشتی آنت میں آتی ہے مرارہ اس پر قطرہ قطرہ صفرا
ٹپکاتا ہے اس سے غذا کے ہضم ہونے میں مدد ملتی ہے بلفرض ایسا نہ
ہو تو غذا ہضم نہیں ہو سکتی.مرارہ سے صفرا اگر آنتوں تک نہ جانے تو
یرقان ہو جاتا ہے اسکے علاوہ پتہ بھی متورم ہو جاتا ہے ابتدا نے سوزش
میں کسی قسم کا جراثیم نہیں ہوتا اسلئے جراثیم مار ادویہ فائدہ نہیں
کرتی البتہ کچھ عرصہ بعد مختلف جراثیم آنتوں میں آکر پیپ پیدا کر
سکتے ہیں ۔
یہ باب تو لمبا سا ہے لیکن لوگ صرف نسخہ جات ہی ڈھونڈتے ہیں اس ا
اختصار ہی کرتے ہیں
40 سال سے اوپر وہ عورتیں جو موٹاپے کا شکار ہوں انھیں تبخیر معد
کے ساتھ ساتھ التہاب مرارہ کی شکایت اکثر ہو جاتی ہے ۔ابکائی ۔قے۔
درد معدہ.ٹھنڈے پسینے آنا ۔بد ہضمی.کبھی قبض کبھی اسہال کبھی
بخار وغیرہ کی بھی علامتیں پائی جاتی ہیں ۔ایلو پیتھک تو خیر علاج
کی اخیر کر دیتی ہے پتہ ہی نکال دیا جاتا ہے نہ رہے گا بانس نہ بجے گی
بانسری.لیکن طب یونانی میں یہ مرض قابل علاج ہے

آب ادرک.آب گھیکوار.آب لیموں ہر واحد ادھا کلو کو دس دن دھوپ م
رکھیں مکس کر کے ہر روز دو بار ہلاتے رہیں
فلفل سیاہ.فلفل دراز.قرنفل.چترا.اجوائین خراسانی ۔سہاگہ بریاں ۔
مصطگی ۔سنا مکی.گل بنفشہ ہر ایک 15 گرام
سفوف بنا کر آب دس روزہ میں ملائیں
5 ماشہ صبح و شام استعمال کریں اللہ شفا دے گا
چاول.چکنائی.مرغن غذائیں پرہیز میں آتی ہیں

میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

طبیب حسن

لیکوریا 100% قابل علاج

---

لیکوریا پنسار نہیں صرف چند ادویہ سے علاج لکھتی ہیں۔ لوگ بڑا اعتراض کرتے ہیں کہ پنسار لکھ دیا ہے۔ یہاں میں آسان اور مجرب نسخہ ہے۔ درخت برگد یعنی بوہڑ کی وہ پتی جو زرد ہو کر خود بخود نیچے گر جاتی ہیں اکٹھی کریں صاف کر کے صاف ہاتھوں سے ٹکڑے ٹکڑے کریں۔ ایک حصہ پتی اور آدھا حصہ پانی میں 12 گھنٹے کے لئے بھگو دیں۔ پھر آگ پر رکھ کر آدھا پانی خشک کریں۔ اسکے بعد نیچے اتار کر ہاتھوں سے خوب مسل اور چھان لیں۔

پھر آگ پر رکھ دیں۔ جب پانی گاڑھا ہو کر مثل شہد ہو جائے تو نیچے اتار لیں۔

اس گاڑھے پانی میں برگ برگد برابر ال سفید مصفٰی شامل کر کے گھوٹ لگائیں۔ 1 گرام کی گولیاں باندھ لیں

صبح و شام ایک ایک گولی کھائیں۔

7 دن میں لیکوریا ٹھیک ہو جاتا گا لیکن 20 دن کھائیں۔ اس نسخہ میں اور بھی کئی راز پنہاں ہیں جسے قابل حکیم جانتے ہیں۔ یہ لوٹھی ایک ریکوسٹ جو پوری ہو گئی

---

اس سے آگے صرف حکماء کے لئے

اس میں اگر کشتہ بیضہ مرغ اور لمک اسگند مناسب مقدار

میں شامل کریں تو آپ سوالی امراض کے قابل حکیم ہیں

خود سوچیں کہ کیا فوائد حاصل ہوں گے

اللہ ہم سب کا حامی و ناصر

میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

## درد گردہ::

---

درد گردہ خواہ کسی بھی وجہ سے ہو یہ
دوا سریع الاثر ثابت ہو گی۔ ھینگ۔لوٹا
کھار۔جو کھار۔نوشادر۔سہاگہ بریاں۔
قلمی شورہ۔پھٹکڑی بریاں۔نمک
سیاہ۔نمک سفید۔فلفل سیاہ۔حجر یہود۔
اجوائن خراسانی ہر واحد 1تولہ
افیون 4ماشہ سفوف بنا کر 2۔1ماشہ نیم
گرم پانی سے 3بار دن میں
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

.دنیا میں تیزی سے پھیلتا ہوا ایک مرض ہے .جـ
ہیں اور ذکریا الرازی اسے عقر کا نام دیتے ہیں
خصیتہ الرحم .ورم قاذف.موٹاپا.قلت طمث.عـ
زاک.آتشک.وغیرہ
لمبی بحث ہے ہم صرف علاج کی طرف آتے ہیں
شاءاللہ استعمال کرنے اولاد پیدا کرنے کی صلاحـ
طبیب سے تیار کروا کر استعمال کریں اگراللہ نے
ے دوران پرہیز واجب ہے .بے ضرر نسخہ ہے بلا

واحد 3 تولہ.ناگ کیسر.تخم شولنگی ہر ایک تـ
کردہ ڈیڑھ تولہ

کاوء بعد از فراغت حیض پہلی خوراک دیں .ا
متواتر 7 دن دیں .اسکے بعد خلوت صحیحہ
مطابق

Scanned by CamScanner

سرے پر ململ کا کپڑا باندھ کر پوٹلیاں اس میں رکھ دیں۔ نیچے آگ جلائیں
پوٹلیاں بھاپ سے گرم ہونگی۔ گرم گرم پوٹلیوں کی ٹکور کریں۔ ٹھنڈی
ہونے پر دوبارہ گرم کر کے سینکیں۔ 15 منٹ تک روزانہ دو بار۔ رات کو سینکنے کے
بعد یہ طلاء استعمال کریں۔ چربی بطخ 1 تولہ۔ چربی مچھلی 6 ماشہ۔ بھڑ زنبور

Scanned by CamScanner

دمہ کا مجرب نسخہ:

----------------------------

کبوتر جنگلی (سیاہ بہتر ہے) ایک عدد
تریاق اصل 8 ماشہ
پھٹکڑی خام 4 ماشہ
کبوتر کی آلائش دور کرکے دونوں چیزیں
اس میں بھر دیں ۔کوزی ہنڈئ میں مضبو
گل حکمت کریں 15 سیر اوپلوں کی آگ
دیں ۔نکال کر خاک کو رگڑ لیں اور محفو
کر لیں
2 رتی خوراک جوان مرد کے لیے ہمراہ
چھٹانک مکھن کے ساتھ۔7 دن کافی ہے
کٹھی میٹھی اور تلی ہوئی چیزوں سے
پرہیز کریں
میاں محمد احسن


Scanned by CamScanner

ذیابیطس شکری (شوگر)::

.....................................

"پرہیز علاج سے بہتر ہے"
یہ مثل شوگر کے مریضوں پر 100% صادق آتی ہے .یہ ایک ایسا مرض ہے جس میں 30% دوائی جبکہ 70% پرہیز اور غذا کا انتخاب لازم ہے . یہ کوئی لا علاج مرض نہیں البتہ اسکا علاج مشکل اور وقت طلب ہے اور باقی یہ بھی دعوی کرنا کہ اس مرض کا مکمل خاتمہ چند دن یا چند ماہ میں ممکن ہے تو یہ ایک غلط دعوی ہے .جب یہ مرض لاحق ہو جاتا ہے تو اسے ادویہ اور پرہیز سے کنٹرول ہی کیا جا سکتا ہے .مریض کو ساری عمر غذا کا ایک باقاعدہ سسٹم بنانا پڑتا ہے ذرا سی بد پرہیز کرنے سے شوگر لیول بڑھ جائے گا۔
بیکری کی مصنوعات.فارمی مرغی.چاول .آلو.شکر قندی .پراٹھا.کیلا وغیرہ کو خیر آباد کہنا پڑے گا.ایک نسخہ لکھتا ہوں شوگر 7 دن میں ہی لیول پر آ جائے گی پھر دوا کی مقدار کم کر کے لیں آہستہ آہستہ دوا کو 3 ٹائم کی بجائے 2 ٹائم لیں اسی طرح پھر ایک ٹائم پر ہی گزارہ کر لیں لیکن شوگر ٹیسٹ کرواتے رہیں اور پرہیز کے ساتھ ساتھ 2 کلو میٹر تک واک کریں
تین برتن سٹیل کے لیں
.1. میں پھلی ببول 50 گرام کو آب کریلہ 100گرام میں تر و خشک کر لیں
2.میں گٹھلی جامن 50 گرام کو آب جواں 100گرام میں تر و خشک کر لیں
3.میں چنے سیاہ 50 گرام کو آب تمہ سبز 150 گرام میں تر و خشک کر لیں
تینوں کا سفوف بنا لیں .اس سفوف میں گڑ مار بوٹی 30 گرام .حرمل اور برگ لوکاٹ 15.15 گرام سفوف بنا کر شامل کر لیں
خوراک 2 گرام 3 ٹائم دن میں پانی کے ساتھ
جس طرح شوگر لیول کم ہوتا جائے مقدار دوائی کم کرتے جائیں .دودھ بغیر بلائی کے اور دیسی گھی استعمال کریں
انشاءاللہ شوگر کچھ ہی دنوں میں کنٹرول لیول پر آ جائے گی.انگریزی ادویہ کھا کر اپنے گردے خراب نہ کریں
اللہ ہم سب کا حامی و ناصر
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner



اکسیر معدہ :.

..................

بہت سے نسخے بنائے استعمال کیے لیکن جو خوبی اور افادیت اس نسخہ میں دیکھی
وہ اور کسی میں نہیں ملی.
ہونگے ہزار تریاق معدہ لیکن میں اپنے تجربہ کی بات کر رہا ہوں .تبخیر معدہ.تیزابیت .
جلن.بد ہضمی.بے چینی.گھبراہٹ میں بے حد مفید ہے
زنجبیل.اجوائن دیسی.کلونجی. نمک سیاہ ہر ایک 5 تولہ
پوست ہرڑ سبز.سنامکی.سونف ایرانی ہر ایک 4 تولہ
فلفل سیاہ.زیرہ سفید.تیز پات.کشنیز ہر ایک 3 تولہ
طباشیر.گندھک آملہ.خردل.پوست بیخمدارہر ایک 2 تولہ
مصطگی رومی.ست لیموں .انار دانہ .الائچی خورد ہر ایک 1 تولہ
ست پودینہ .چھ ماشہ
معروف طریقے سے چورن بنا لیں اور آب ترب میں تر و خشک کر لیں
خوراک 2.1 ماشہ کھانے کے بعد پانی سے
میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

سفوف پھٹکڑی::

پھٹکڑی بریاں کرکے سفوف بنا لیں اور درج ذیل امراض میں حسب ضرورت دیں ۔

تپ دق کے لیے 2 رتی ہمراہ شربت بنفشہ

دردسر اور نکسیر کے لیے 2 رتی نیم گرم پانی سے

دھدر چنبل کے لیے سرکہ میں گھس کر لگائیں


قے اسہال اور مروڑ کے لیے 2 رتی شربت انار سے

کھانسی کے لیے شربت اعجاز سے

جریان۔سرعت۔احتلام کے لیے 2 رتی سادہ پانی سے

خارش کے لیے دہی ملا کر جسم پر مالش کریں

مسوڑوں سے خون آتا ہو تو بطور منجن استعمال کریں



میاں محمد احسن

Scanned by CamScanner

## پرانا جریان، احتلام کا علاج:

کشتہ قلعی در بھنگ ڈیڑھ تولہ تیار کریں۔ اس کشتہ قلعی کو آب بھنگ میں 7 روز تک کھرل کریں۔

خوراک 1 رتی صبح و شام سادہ پانی یا مناسب بدرقہ سے استعمال کریں۔

پہلی خوراک سے ہی آرام ہو گا 7 دن کے استعمال سے مرض ختم ہو جائے گا انشاءاللہ

Scanned by CamScanner

## اعصابی غدی حلوہ (تر گرم):

نشاستہ گندم۔مغز کدو۔مغز خیارین۔گوند کیکر۔مغز بادام۔ہر واحد 5 تولہ۔روغن زرد 300 گرام۔چینی 750 گرام

پہلے گوند اور نشاستہ کو گھی میں بریاں کریں پھر مغزیات شامل کریں اور چینی ملا کر ہلاتے رہیں تا آنکہ حلوہ تیار ہو جائے۔ 2-3 گرام صبح و شام دودھ کے ساتھ

بے حد مقوی دماغ و بصر ہے۔گرمی خشکی کا خاتمہ کر کے جسم فربہ کرتا ہے۔سرعت انزال کا حکمی علاج ہے۔ آنتوں کی سوزش،معدے کی جلن، ترش ڈکاریں آنا میں مجرب ہے۔

Scanned by CamScanner

گل نیلو فر۔ ملٹھی۔ ریشہ خطمی
سونف ہر ایک برابر مقدار میں لے
کر سفوف بنالیں۔ 6 گرام رات کو
1 گلاس پانی میں بھگو دیں صبح
جوش دے کر چھان لیں اس میں
خمیرہ بنفشہ ایک چمچ ملا کر دن
میں 3 بار ایک ایک گھونٹ کر کے
پئیں
ورم۔ گیس۔ تیزابیت میں اکسیر اثر
رکھتا ہے۔
اللہ ہم سب کا حامی و ناصر

Scanned by CamScanner

# بواسیر خونی

تخم سرس 20 گرام

پوست ریٹھہ 15 گرام

دانہ الائچی خورد 10 گرام

باریک سفوف بنا کر 1 گرام باسی پانی

صبح و شام استعمال کریں

ایک ہفتہ

انشاءاللہ شفا ہو گی

میاں محمد احسن

کتب خانہ طبیب

جریان منی، مذی اور ذکاوت::

---

موصلی سفید انڈیا 30 گرام

ستاور 30 گرام

اسگند 40 گرام

بیج بندھارا 40 گرام

تخم کونچ 30 گرام

گوند ببول 20 گرام

دھتورا سیاہ 8 گرام

کشتہ قلعی 10 گرام

مصری 120 گرام

خوراک 1 چمچ صبح و شام کھانے سے پہلے دودھ کے ساتھ

Scanned by CamScanner